© rasailojaraid.com



# قطعاتِ عاصم

## شیطان کا دام

راگ رنگ کی قوم رسیا ہوگئی
خوبیاں اک ایک کر کے کھو گئی
پھنس گئی شیطان کے یہ دام میں
اوڑھ کر غفلت کی چادر سوگئی

## مسئلہ کشمیر کا حل

صرف نعروں سے ملے کشمیر کب
توڑنا ہے گر ہمیں زنجیر اب
بس یہی ہے اس کا حل چارہ گرو
تھام لیں ہم ہاتھ میں شمشیر سب

## رب کا قہر

ہم ہیں اور نفرتوں کا زہر ہے
آلودہ اس سے ہوگیا ہر شہر ہے
سوچو اس کا حل کوئی چارہ کرو
ٹوٹنے کو رب کا ورنہ قہر ہے

عبدالرحمٰن عاصم انصاری۔ ایم۔ اے
میانچنوں

© rasailojaraid.com